دوسری جماعت کے لیے

# اِسلَامیات

## رہنمائے استاد




مصنّفین

نیلما کنول

آسیہ سحر

# اللہ تعالیٰ

صفحہ نمبر۱۲:

سوچیں اور بتائیں

کیا ہم سمندر بنا سکتے ہیں؟

بچّوں کے ممکنہ جوابات:

۱۔ جی نہیں ہم سمندر نہیں بنا سکتے۔

۲۔ کوئی بھی سمندر نہیں بنا سکتا۔

سرگرمی

اللہ تعالیٰ کی کوئی سی دس نعمتوں کے نام والدین کی مدد سے لکھیے۔

حل:

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ صحت | ۲۔ والدین | ۳۔ نیند | ۴۔ پانی |
| ۵۔ ہوا | ۶۔ پھل | ۷۔ دالیں | ۸۔ چاول |
| ۹۔ دھوپ | ۱۰۔ چھاؤں | | |

## مشق

سوال۱: ہم کیا کیا بنا سکتے ہیں؟

جواب: ہم بڑے بڑے گھر، گاڑیاں، جہاز وغیرہ بنا سکتے ہیں۔

سوال۲: ہم کون سی چیزیں نہیں بنا سکتے؟

جواب: ہم ہوا، پانی، پھل، سبزیاں یا مختلف جانور نہیں بنا سکتے۔

سوال۳: انسان کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کیا فرمایا ہے؟

جواب: انسان کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے کہ،

''اللہ نے جو بھی چیز بنائی بہت اچھی بنائی اور انسان کو مٹّی سے بنایا'' (سورۂ سجدہ : ۷)

سوال۴: اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں کے بدلے میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں کے بدلے میں ہمیں اللہ تعالیٰ کا ہر وقت شکر ادا کرنا چاہیے۔

مندرجہ جملوں پر ✓ یا ✗ کے نشان لگائیے۔

۱۔ ہم ہر کام کر سکتے ہیں۔ ✗

۲۔ انسان سب سے افضل مخلوق ہے۔ ✓

۳۔ تارے دن میں چمکتے ہیں۔ ✗

۴۔ جانوروں کے پاس عقل ہوتی ہے۔ ✗

۵۔ اللہ تعالیٰ ہر بات جانتا اور سب کچھ دیکھتا ہے۔ ✓

# ہمارا مذہب اسلام

صفحہ نمبر ۱۴:

سوچیں اور بتائیں

اسلام ہمیں کس طرح کے کاموں کا حکم دیتا ہے؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: اسلام ہمیں اچّھے کاموں کا حکم دیتا ہے۔

سرگرمی

اسلام جن اچھے کاموں کا حکم دیتا ہے اُن میں سے دو کام والدین کی مدد سے لکھیے۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

۱۔ والدین کی خدمت کرنا۔

۲۔ بڑوں کی عزّت کرنا۔

## مشق

سوال ۱: ہمارے مذہب کا نام اور اِس کے ارکان لکھیے۔

جواب: ہمارے مذہب کا نام اسلام ہے۔ اس کے پانچ ارکان ہیں جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ کلمۂ طیّبہ ۲۔ نماز ۳۔ روزہ ۴۔ زکوٰۃ ۵۔ حج

سوال ۲: اسلام ہمیں کیسا سبق دیتا ہے؟

جواب: اسلام ہمیں ہر اچّھی بات کا سبق دیتا ہے۔

سوال۳: اللہ تعالیٰ کو سچّے دل سے ماننے والوں کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ اور اُس کے مذہب اسلام کو سچّے دل سے ماننے والوں کو مسلمان کہتے ہیں۔

خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ اسلام کے ..........پانچ..........ارکان ہیں۔

۲۔ اسلام سب سے ..........اچھا..........اور..........پیارا..........مذہب ہے۔

۳۔ جب کسی سے ..........وعدہ..........کریں تو اُسے ضرور پورا کریں۔

# نماز

صفحہ نمبر۱۶:

سوچیں اور بتائیں

اگر آپ کے کپڑوں پر گندگی لگی ہو تو کیا آپ نماز پڑھ سکتے ہیں؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: جی نہیں! کیونکہ نماز پڑھنے کے لیے کپڑے صاف ہونے چاہییں۔

صفحہ نمبر۱۷:

سرگرمی

نماز سے متعلق دو آسان احادیثِ نبویﷺ والدین کی مدد سے لکھیے۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے احادیثِ نبویﷺ لکھی جارہی ہیں)

۱۔ نماز دین کا ستون ہے۔ ۲۔ نماز جنّت کی کُنجی ہے۔

## مشق

سوال۱: اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنے کے لیے ہمیں نماز پڑھنی چاہیے۔

سوال۲: نماز کیا ہے اور یہ اسلام کا کون سا رکن ہے؟

جواب: نماز ایک فرض عبادت ہے۔ یہ اسلام کا دوسرا رکن ہے۔

سوال۳: وضو کیا ہے؟

جواب: نماز پڑھنے سے پہلے ایک خاص طریقے سے ہاتھ، منہ اور پیر دھونے کو وضو کہتے ہیں۔

سوال۴: نماز پڑھنے کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟

جواب: نماز کے بارے میں پیارے نبی ﷺ نے فرمایا؛

''جب بچّہ سات سال کا ہو جائے تو اُسے نماز پڑھنے کی عادت ڈالو۔''

صحیح جواب چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ ..........وضو.......... کے بغیر ہم نماز نہیں پڑھ سکتے۔

(کھانے۔آرام۔ وضو)

۲۔ دن بھر میں ..........پانچ.......... نمازیں فرض ہیں۔

(پانچ۔ چھ۔ سات)

۳۔ نماز پڑھنے کی سب سے بہترین جگہ ..........مسجد.......... ہے۔

(گھر۔ مسجد۔ اسکول)

# فرشتے

صفحہ نمبر۲۰:

سوچیں اور بتائیں

کیا فرشتے کوئی بُرا کام کرسکتے ہیں؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: نہیں! وہ ہر وقت صرف اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔

## مشق

سوال۱: فرشتے کون ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اُنہیں کس چیز سے بنایا ہے؟

جواب: فرشتے اللہ تعالیٰ کی پاک مخلوق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں ''نور'' یعنی روشنی سے بنایا ہے۔

سوال۲: ہم فرشتوں کو کیوں نہیں دیکھ سکتے؟

جواب: ہم فرشتوں کو دیکھ نہیں سکتے کیوں کہ اُن کا ہماری طرح جسم نہیں ہوتا۔

سوال۳: کیا فرشتے اپنی مرضی سے کوئی کام کرتے ہیں؟

جواب: فرشتے کوئی کام اپنی مرضی سے نہیں کر سکتے بلکہ صرف وہی کام کرتے ہیں جس کا حکم اللہ تعالیٰ اُن کو دیتا ہے۔

صفحہ نمبر ۲۱

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ فرشتے ہر وقت ..........اللہ تعالیٰ.......... کی عبادت کرتے رہتے ہیں۔

۲۔ حضرت جبرئیل علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کا پیغام..........پیغمبروں..........کے پاس لے کر آتے تھے۔

۳۔ حضرت اسرافیل علیہ السّلام قیامت کے دن..........صور..........پھونکیں گے۔

۴۔ حضرت میکائیل علیہ السّلام ہر..........جاندار..........کو رزق پہنچاتے ہیں۔

۵۔ حضرت عزرائیل علیہ السّلام..........انسانوں..........کی روح قبض کرتے ہیں۔

سرگرمی

نیچے دیئے ہوئے کام دیکھ کر لکھیں کہ کراماً کاتبین میں سے کون سا فرشتہ کون سے کام لکھتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ جھوٹ بولنا | ۲۔ نماز پڑھنا | ۳۔ گندا رہنا |
| ۴۔ سچ بولنا | ۵۔ صاف ستھرا رہنا | ۶۔ دوسروں کی مدد کرنا |
| ۷۔ بڑوں کا ادب کرنا | ۸۔ لڑائی جھگڑا کرنا | ۹۔ کلمہ پڑھنا |
| ۱۰۔ امی ابو کو تنگ کرنا | ۱۱۔ چوری کرنا | ۱۲۔ لوگوں کو تنگ کرنا |

حل: (بچوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

| سیدھے کندھے والا فرشتہ | اُلٹے کندھے والا فرشتہ |
|---|---|
| ۱۔ نماز پڑھنا | ۱۔ جھوٹ بولنا |
| ۲۔ سچ بولنا | ۲۔ گندا رہنا |
| ۳۔ صاف سُتھرا رہنا | ۳۔ لڑائی جھگڑا کرنا |
| ۴۔ دوسروں کی مدد کرنا | ۴۔ امّی ابّو کو تنگ کرنا |
| ۵۔ بڑوں کا اَدب کرنا | ۵۔ چوری کرنا |
| ۶۔ کلمہ پڑھنا | ۶۔ لوگوں کو تنگ کرنا |

# ماں باپ کا احترام

**صفحہ نمبر ۲۴:**

**سوچیں اور بتائیں**

اپنے امّی ابّو کو تنگ کرنے والا بچّہ کیسا ہوتا ہے؟

**بچّوں کا ممکنہ جواب:** وہ گندا بچّہ ہوتا ہے۔

**صفحہ نمبر ۲۵:**

**سرگرمی**

اپنے امّی ابّو کے بارے میں ایک، ایک جملہ لکھیے۔

**حل:** (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

میری امّی ......بہت اچھی ہیں......۔

میرے ابّو ......بہت محنت کرتے ہیں......۔

## مشق

سوال ۱: ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت کیا ہے؟

جواب: ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہمارے امّی ابّو ہیں۔

سوال ۲: ماں کی خدمت کرنے والا بچّہ بڑے ہو کر کیا بنا؟

جواب: ماں کی خدمت کرنے والا بچّہ بڑے ہو کر بہت مشہور عالم دین بنا۔

سوال ۳: اللہ تعالیٰ نے انھیں اتنی عزّت اور شہرت کس وجہ سے دی؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے انھیں اتنی عزّت اور شہرت ان کی ماں کی دعا کی وجہ سے دی۔

سوال۴: اللہ تعالیٰ نے ماں باپ کے لیے کیا فرمایا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، ''اپنے ماں باپ کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ۔'' (سورۂ بنی اسرائیل: ۲۴)

جملے ملائیے۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ ہمارے امّی ابوّ | بہت ساری نعمتیں دی ہیں۔ |
| ۲۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں | ہم سے بہت پیار کرتے ہیں۔ |
| ۳۔ نافرمان بچّے ہمیشہ | تنگ نہ کریں۔ |
| ۴۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے امّی ابوّ کو | مشکل میں رہتے ہیں۔ |

# بھائی بہنوں کے ساتھ سلوک

صفحہ نمبر ۲۷:

سرگرمی

نیچے دیئے گئے جدول میں اپنے بھائی بہنوں کی پسند کے بارے میں لکھیے۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

| بھائی / بہن کا نام | پسندیدہ مضمون | پسندیدہ رنگ | پسندیدہ کھیل |
|---|---|---|---|
| علی | اردو | سفید | ہاکی |
| شعیب | حساب | ہرا | فٹبال |
| ماریہ | انگلش | لال | کیرم |
| طوبیٰ | اسلامیات | نیلا | لوڈو |
| حمزہ | سائنس | پیلا | کرکٹ |

## مشق

سوال۱: آپ ﷺ اپنی رضاعی بہن سے کیسے پیش آتے تھے؟

جواب: آپ ﷺ اپنی رضاعی بہن حضرت شیماؓ سے بہت محبّت سے پیش آتے اور اُن کی بہت عزّت کرتے تھے۔

سوال۲: مسلمان جب کافروں سے تنگ آ کر مدینہ گئے تو وہاں کے لوگوں نے کیا کیا؟

جواب: مسلمان جب کافروں کے ظلم سے تنگ آ کر مدینہ گئے تو وہاں کے لوگوں نے بھائی بن کر اُن مسلمانوں کو اپنی ہر چیز میں سے حصّہ دیا۔

# سچ بولنا

صفحہ نمبر ۲۸:

سوچیں اور بتائیں

اگر آپ اپنے دوستوں سے جھوٹ بولیں گے تو کیا ہوگا؟

بچّوں کے ممکنہ جوابات:

۱۔ دوست ہم سے ناراض ہوجائیں گے۔

۲۔ دوست ہماری کسی بات کا یقین نہیں کریں گے۔

۳۔ اللہ ہم سے ناراض ہوجائے گا۔

صفحہ نمبر ۲۹:

سرگرمی

سچ بولنے کا ایک فائدہ لکھیے۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جارہے ہیں)

۱۔ سچ بولنے والے کو اللہ پسند کرتا ہے اور لوگ بھی پسند کرتے ہیں۔

جھوٹ بولنے کا ایک نقصان لکھیے۔

۱۔ جھوٹ بولنے والے کی بات پر کوئی یقین نہیں کرتا۔

## مشق

سوال۱: سچ بولنا کیسی عادت ہے؟

جواب: سچ بولنا بہت اچھی عادت ہے۔

سوال۲: سچ بولنے والے کو لوگ کیسا سمجھتے ہیں؟

جواب: سچ بولنے والے کی سب لوگ عزّت کرتے ہیں۔

سوال۳: صادق کا کیا مطلب ہے؟

جواب: صادق کا مطلب ہے''سچ بولنے والا۔''

سوال۴: سچ بولنے سے کون خوش ہوتا ہے؟

جواب: سچ بولنے والے سے اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہے۔

مندرجہ ذیل جملوں پر ✓ یا ✗ کے نشان لگائیے۔

۱۔ پیارے نبی ﷺ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ ✓

۲۔ سچ بولنے والے کی سب لوگ عزت کرتے ہیں۔ ✓

۳۔ جھوٹ بولنے والے کو اللہ تعالیٰ بالکل پسند نہیں کرتا۔ ✓

۴۔ سچ بولنا نیکی ہے۔ ✓

۵۔ صادق کا مطلب دوست ہے۔ ✗

# کھانا کھانے کے آداب

**صفحہ نمبر۳۰:**

سوچیں اور بتائیں

اگر آپ گندے ہاتھوں سے کھانا کھائیں گے تو کیا ہوگا؟

**بچّوں کا ممکنہ جواب:** گندے ہاتھوں سے جراثیم ہمارے پیٹ میں چلے جائیں گے اور ہم بیمار پڑ جائیں گے۔

**صفحہ نمبر۳۲:**

## مشق

سوال۱: کھانے سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

جواب: کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے چاہئیں۔

سوال۲: کھانا کس ہاتھ سے کھانا چاہیے؟

جواب: کھانا ہمیشہ سیدھے ہاتھ سے کھانا چاہیے۔

سوال۳: کیا ڈکار زور سے لینی چاہیے؟

جواب: جی نہیں! ڈکار زور سے نہیں لینی چاہیے کیونکہ یہ بدتمیزی ہے۔ پیارے نبی ﷺ کو ڈکار کی آواز سخت ناپسند تھی۔

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ کھانے سے پہلے ......ہاتھوں...... کو اچھی طرح دھو لیں۔

۲۔ کھاتے وقت ......اُنگلیوں...... کو کھانے میں نہ ڈبوئیں۔

۳۔ پانی سیدھے ہاتھ سے ٹھہر ٹھہر کر اور ......تین...... سانس میں پیئیں۔

# قرآن مجید

**صفحہ نمبر ۳۴:**

**سوچیں اور بتائیں**

قرآن مجید میں آج تک کوئی تبدیلی کیوں نہیں ہوئی؟

**بچّوں کا ممکنہ جواب:** کیونکہ اس کی حفاظت خود اللہ تعالیٰ کرتا ہے۔

**صفحہ نمبر ۳۵:**

**سرگرمی**

حروف جوڑ کر لفظ بنائیں۔

**حل:** (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ل | ل | ہ | اللہ |
| ق | ر | آ | ن | قرآن |
| ع | ر | ب | ی | عربی |
| ث | و | ا | ب | ثواب |

## مشق

سوال۱: اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابوں میں کیا حکم دیا؟

جواب: اِن کتابوں میں اللہ تعالیٰ نے اچھے کام کرنے اور بُرے کاموں سے دور رہنے کا حکم دیا۔

سوال۲: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو کس زبان میں نازل کیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو عربی زبان میں نازل کیا۔

سوال۳: قرآن مجید کس مہینے میں اور کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

جواب: قرآن مجید رمضان کے مہینے میں تقریباً ۲۳ (تیئیس) سال کے عرصے میں نازل ہوا۔

سوال۴: قرآن مجید کی حفاظت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا ہے؟

جواب: قرآن مجید کی حفاظت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے،

''بے شک قرآن کو ہم نے نازِل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔''

(سورۂ حجر: ۹)

صحیح جواب چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ پہلی آسمانی کتابوں میں اُس دور کے ......لوگوں...... نے تبدیلیاں کر دیں تھیں۔

(لوگوں۔ بچّوں۔ بوڑھوں)

۲۔ قرآن مجید کی حفاظت کا وعدہ خود ......اللہ تعالیٰ...... نے کیا ہے۔

(اللہ تعالیٰ۔ فرشتوں۔ پیغمبروں)

۳۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی سب سے ......آخری...... کتاب ہے۔

(پہلی۔ دوسری۔ آخری)

۴۔ ......قرآن مجید...... میں آج تک کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

(توریت۔ زبور۔ قرآن مجید)

# حضرت نُوح علیہ السّلام

صفحہ نمبر ۳۹:

سوچیں اور بتائیں

اگر حضرت نوحؑ کی قوم کے نافرمان لوگ اُن کی بات مان لیتے تو کیا ہوتا؟

بچّوں کے ممکنہ جوابات:

۱۔ اگر حضرت نوحؑ کی قوم کے نافرمان لوگ اُن کی بات مان لیتے تو وہ اللہ کے اچھے بندے کہلاتے۔

۲۔ اُن لوگوں پر طوفان کا عذاب نازل نہ ہوتا۔

صفحہ نمبر ۴۰:

مشق

سوال ۱: حضرت نوحؑ کتنے عرصے تک لوگوں کو اللہ کا پیغام سناتے رہے؟

جواب: حضرت نوحؑ ساڑھے نو سو (۹۵۰) سال تک لوگوں کو اللہ تعالیٰ کا پیغام سناتے رہے۔

سوال ۲: حضرت نوحؑ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیا چیز تیار کی؟

جواب: حضرت نوحؑ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک بہت بڑی کشتی تیار کی۔

سوال ۳: کشتی میں حضرت نوحؑ کے ساتھ اور کون سوار ہوا؟

جواب: کشتی میں حضرت نوحؑ کے ساتھ اللہ کے نیک بندے اور ہر جانور کا ایک جوڑا سوار ہوا۔

سوال ۴: اللہ کا عذاب کس طرح آیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے حکم سے اچانک زمین سے پانی اُبلنا شروع ہوگیا۔ساتھ ہی بہت تیز بارش شروع ہوگئی۔ ہر طرف پانی ہی پانی ہوگیا۔ پانی کی لہریں پہاڑوں جتنی اُونچی ہوگئیں اور تمام نافرمان لوگ ڈوب گئے۔

# اللہ تعالیٰ کا گھر

**صفحہ نمبر ۴۲:**

**سرگرمی**

خانۂ کعبہ کی تصویر میں رنگ بھریں۔

**حل:** (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے)

**صفحہ نمبر ۴۳:**

## مشق

سوال ۱: اللہ تعالیٰ کا سب سے پہلا گھر کون سا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا سب سے پہلا گھر خانۂ کعبہ ہے۔

سوال ۲: خانۂ کعبہ کو سب سے پہلے کس نے بنایا؟

جواب: خانۂ کعبہ کو سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے بنایا۔

سوال ۳: خانۂ کعبہ کو اور کیا کہتے ہیں؟

جواب: خانۂ کعبہ کو ''قبلہ'' بھی کہتے ہیں۔

سوال ۴: حج کے لیے مسلمان کہاں جاتے ہیں؟

جواب: حج کے لیے مسلمان خانۂ کعبہ جاتے ہیں۔

صحیح جواب چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ خانۂ کعبہ سعودی عرب کے شہر.........مکّہ.........میں واقع ہے۔ (مدینہ ۔ مکّہ ۔ جدّہ)

۲۔ دنیا بھر کے مسلمان خانۂ کعبہ کی طرف رُخ کر کے.........نماز.........پڑھتے ہیں۔ (کتاب ۔ نماز ۔ نعت)

۳۔ حج اسلامی مہینے ذی الحج کی.........۹.........تاریخ کو ادا کیا جاتا ہے۔ (۹ ۔ ۱۰ ۔ ۱۱)

۴۔ خانۂ کعبہ میں خاص طریقے سے عبادت کرنا اور زیارت کرنا.........حج.........کہلاتا ہے۔ (حج ۔ روزہ ۔ زکوٰۃ)

# پیارے نبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی پیدائش

**صفحہ نمبر ۴۷:**

**سوچیں اور بتائیں**

ہم حضرت محمد ﷺ کے نام کے ساتھ ''صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم'' کیوں لکھتے ہیں اور اس کا کیا مطلب ہے؟

**بچّوں کا ممکنہ جواب:** کیونکہ یہ درود ہے اور اس کا مطلب ہے ''اللہ کی سلامتی ہو آپ پر اور آپ کی آل پر''۔

**صفحہ نمبر ۴۸:**

## مشق

سوال ۱: ہمارے پیارے نبی ﷺ کی پیدائش کے وقت عرب میں کیا رواج تھا؟

جواب: جب نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے تو اُس زمانے میں عرب میں یہ رواج تھا کہ لوگ اپنے بچّوں کو پیدا ہوتے ہی دائیوں کے حوالے کر دیتے تھے۔

سوال ۲: پیارے نبی ﷺ بی بی حلیمہؓ کے پاس کتنی عمر تک رہے؟

جواب: پیارے نبی ﷺ بی بی حلیمہؓ کے پاس تقریباً چھ سال کی عمر تک رہے۔

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ ......حضرت بی بی آمنہ...... نے حضرت محمد ﷺ کو خوشی خوشی حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے حوالے کر دیا۔

۲۔ حضرت حلیمہ سعدیہؓ کا ......گاؤں...... ہرا بھرا ہو گیا۔

۳۔ آپ ﷺ کے دادا کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش آپ ﷺ کے چچّا حضرت ......ابو طالب...... نے کی۔

اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ ابتدائی اوّل (نرسری) جماعت سے دسویں جماعت تک کے طلباء کے لیے اپنی نوعیت کا ایک مُنفرد سلسلہ ہے۔ ان کُتب کو مُرتّب کرتے وقت طلباء کی ذہنی استعداد کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے لہٰذا آسان اور عام فہم زبان میں اسلام کے بنیادی عقائد کو نہ صرف خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا ہے بلکہ اس طرح کی سرگرمیاں بھی ترتیب دی گئی ہیں جو اسلامی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصّہ بنانے میں بے حد مددگار ہوں گی۔

اساتذہ کی ہر ممکن رہنمائی کے ساتھ ساتھ طلباء کی ذہنی نشوونما کے لیے ایسی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں جو طلباء میں غور و فکر کی عادت پیدا کرنے، اعلیٰ کردار کی تعمیر کرنے، صحت مند اسلامی معاشرے کی بنیاد ڈالنے اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں اُن کی معاون ثابت ہوں۔

حکومتِ پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ان کتابوں کا مواد قرآن و سنّت کی روشنی میں مُستند ذرائع استعمال کرتے ہوئے جمع کیا گیا ہے اور نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلباء آگے چل کر بورڈ کے امتحانات میں بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتابیں مکمل طور پر جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں تاکہ مضمون میں طلباء کی دلچسپی مسلسل برقرار رہے۔ اس سلسلہ کو مزید بہتر بنانے میں ہم اساتذہ اور والدین کی مُفید آراء کے منتظر رہیں گے۔


Helpline
+923363-008-008

For your suggestions and feedback,
write us at: **info@bookmark.com.pk**



**Follow us on:**

**/BookmarkPublishing**
**/bookmarkpublishingpak**
**/infobookmark**
**/bookmarkpublishing**
**/bookmarkpublishing**
**www.bookmark.com.pk**